سوال

Kiacarmaifarznamazparhijasaktihaibaithkr

جواب

سواری پر فرض نماز پڑھنا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! کیا کار میں بیٹھ کر فرض نماز پڑھی جا سکتی ہے؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! سواری پر فرض نماز پڑھنا جائز نہیں ہے۔ نبی کریم ﷺ فرض نماز سواری سے نیچے اتر کر اور قبلہ رخ ہو کر ادا فرماتے تھے۔ عن عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما قال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يسبح على الراحلة قِبَلَ أي وجه توجه، ويوتر عليها، غير أنه لا يُصلي عليها المكتوبة (بخاری: 1098) سیدنا عبد اللہ بن عمر فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ سواری پر نفل نماز پڑھ لیتے تھے، جہاں بھی سواری کا رخ ہوتا، اور وتر بھی پڑھ لیتے تھے، مگر فرض نماز سواری پر نہیں پڑھتے تھے۔ ہاں البتہ کوئی شرعی عذر ہو، مثلاً ہوائی جہاز یا بحری جہاز میں سفر کے دوران اترنا ممکن نہ ہو اور نماز کا وقت نکل جانے کا ڈر ہو تو وہیں نماز ادا کر لینی چاہیے کیونکہ اللہ تعالیٰ کسی پر اس کی طاقت سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالتا۔ نماز کو موخر کر کے ہوائی جہاز سے اتر کر پڑھنے میں بھی کوئی حرج نہیں بشرطیکہ نماز کے وقت میں اتنی گنجائش موجود ہو۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتویٰ کمیٹی محدث فتویٰ